روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر: فخرالحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 17 ستمبر 2009ء 26 رمضان المبارک 1430 ہجری 17 تبوک 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 212

رسول اللہؐ کا رمضان

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ نیکیاں بجالاتے تھے۔ اور رمضان میں پہلے سے زیادہ نیک اعمال کرتے تھے۔ جب جبریلؑ آپ سے ملتے تھے۔ جبریل رمضان کی ہر رات (آخر رمضان تک) آپ سے ملتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جبریل کے ساتھ مل کر قرآن کا دور کیا کرتے تھے۔ ان دنوں رسول اللہؐ تیز ہواؤں سے بھی زیادہ نیکیوں میں بڑھ جاتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب بداء الوحی حدیث نمبر5)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک دفعہ میرے دل میں خیال آیا کہ یہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے تا کہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شئے خدا تعالیٰ ہی سے طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے۔ وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کر سکتا ہے۔ تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور مَیں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ۔ یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ۔ اور اُس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔

اگر خدا چاہتا تو دوسری اُمّتوں کی طرح اس اُمّت میں کوئی قید نہ رکھتا مگر اس نے قیدیں بھلائی کے لئے رکھی ہیں۔ میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینہ میں مجھے محروم نہ رکھ تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا۔ اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے۔ مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور ثابت کر دے۔ جو شخص کہ روزہ سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں یہ نیت دردِ دل سے تھی کہ کاش مَیں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزہ رکھیں گے بشرطیکہ وہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ ہرگز اسے ثواب سے محروم نہ رکھے گا۔

یہ ایک باریک امر ہے کہ اگر کسی شخص پر (اپنے نفس کے کسل کی وجہ سے) روزہ گراں ہے اور وہ اپنے خیال میں گمان کرتا ہے کہ مَیں بیمار ہوں اور میری صحت ایسی ہے کہ اگر ایک وقت نہ کھاؤں تو فلاں فلاں عوارض لاحق ہوں گے اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا تو ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی نعمت کو خود اپنے اوپر گراں کرتا ہے کب اُس ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہاں وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور مَیں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزہ رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو وہ آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے۔ اس دنیا میں بہت لوگ بہانہ جُو ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جس طرح اہل دنیا کو دھوکہ دے لیتے ہیں ویسے ہی خدا کو فریب دیتے ہیں۔ بہانہ جُو اپنے وجود سے آپ مسئلہ تراش کرتے ہیں اور تکلّفات شامل کر کے ان مسائل کو صحیح گردانتے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ صحیح نہیں۔ تکلّفات کا باب بہت وسیع ہے۔ اگر انسان چاہے تو اس (تکلّف) کی رو سے ساری عمر بیٹھ کر نماز پڑھتا رہے اور رمضان کے روزے بالکل نہ رکھے۔ مگر خدا اس کی نیت اور ارادہ کو جانتا ہے جو صدق اور اخلاص سے رکھتا ہے"۔

﴿ملفوظات جلد دوم صفحہ 563-564 جدید ایڈیشن﴾

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ کا درس القرآن وخطبہ عید

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 20 ستمبر 2009ء کو درس القرآن ارشاد فرمائیں گے۔ جو پاکستانی وقت کے مطابق 5:30 بجے سہ پہر لائیو نشر کیا جائے گا اسی طرح حضور انور خطبہ عیدالفطر مورخہ 21 ستمبر 2009ء کو بیت الفتوح لندن میں ارشاد فرمائیں گے۔ خصوصی نشریات و خطبہ عید ایم ٹی اے پر پاکستانی وقت کے مطابق براہ راست 3:30 بجے دوپہر نشر ہوگا۔ احباب مطلع رہیں اور ان بابرکت پروگرامز سے خود بھی مستفیض ہوں اور اپنے بچوں، عزیز، رشتہ دار، ہمسایوں اور دوستوں کو بھی تحریک کریں۔

نرسنگ ٹریننگ کلاس

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں عنقریب نئی نرسنگ ٹریننگ کلاس کا آغاز کیا جارہا ہے۔ اس کیلئے تعلیمی معیار ایف ایس سی ہے۔ ایسے احمدی بچے/بچیاں (خصوصاً واقفین نو) جو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کی نئی نرسنگ کلاس 2009ء میں داخلہ کے خواہشمند ہوں اپنی درخواستیں ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نام صدر صاحب/امیر صاحب کی سفارش سے ارسال کریں۔

﴿ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ﴾

احباب محتاط رہیں

مکرم مسعود احمد بھٹی صاحب ابن چوہدری منیر احمد صاحب ساکن دارالفتوح شرقی کے پراپرٹی اور لین دین کے معاملات صاف نہ ہیں۔ احباب مسعود احمد بھٹی صاحب سے پراپرٹی و لین دین اور دیگر معاملات میں محتاط رہیں۔

﴿جنرل سیکرٹری لوکل انجمن احمدیہ ربوہ﴾

مشعل راہ

درود

اخلاص، محبت، حضور اور تضرع سے پڑھنا چاہئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 5 ستمبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

’’انسان تو دراصل بندہ یعنی غلام ہے۔ غلام کا کام یہ ہوتا ہے کہ مالک جو حکم کرے، اسے قبول کرے۔ اسی طرح اگر تم چاہتے ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض حاصل کرو تو ضرور ہے کہ اس کے غلام ہو جاؤ۔ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ (۔) اس جگہ بندوں سے مراد غلام ہی ہیں نہ کہ مخلوق۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بندہ ہونے کے واسطے ضروری ہے کہ آپؐ پر درود پڑھو اور آپؐ کے کسی حکم کی نافرمانی نہ کرو، سب حکموں پر کاربند رہو‘‘۔ (البدر جلد 2 نمبر 14 بتاریخ، 24/اپریل 1903ء صفحہ 109)

بعض دفعہ یہ سوال اٹھتا ہے کہ کتنی دفعہ درود پڑھنا چاہئے۔ حضرت اقدس مسیح موعود اپنے ایک خط میں فرماتے ہیں:

’’کسی تعداد کی پابندی ضروری نہیں۔ اخلاص اور محبت اور حضور اور تضرع سے پڑھنا چاہئے۔ اور اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک ایک حالت رقت اور بے خودی اور تاثر کی پیدا ہو جائے اور سینے میں انشراح اور ذوق پایا جائے‘‘۔

نیز آپ نے فرمایا: اس قدر پڑھا جائے کہ کیفیت صلوٰۃ سے دل مملو ہو جائے اور ایک انشراح اور لذت اور حیات قلب پیدا ہو جائے۔ (مکتوبات حصہ اول صفحہ 26)۔ محسوس ہو کہ دل میں ایک جوش ہے، لذت ہے۔ تو اب ان لوگوں کے سوال کا جواب اس میں آ گیا جو یہ کہتے ہیں کہ کتنی دفعہ پڑھنا چاہئے۔ ایک تو اخلاص اور محبت دکھاؤ۔ جس کو محبوب بنایا ہے اس کا نام لینے میں، اس کی تعریف کرنے میں، اس کی خوبیاں بیان کرنے میں، اس کے محاسن گنوانے میں، اس کا ذکر کرنے میں انسان گنتی کی قید تو نہیں لگاتا۔ دنیاوی محبوبوں کے لئے بھی یہ طریق استعمال نہیں ہوتا۔ یہ تو وہ محبوب ہے جس پر درود بھیجنے سے ہماری دنیا و آخرت دونوں سنور رہے ہیں۔ اور پھر ایسی کیفیت طاری ہو جائے کہ جذبات اپنی انتہا کو پہنچ جائیں اور پھر اس ذکر سے، اس درود بھیجنے سے ایک سرور اور ایک لطف آنا شروع ہو جائے، مزا آنا شروع ہو جائے اور دل یہ چاہے کہ انسان ہر وقت درود بھیجتا رہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں: یہ بھی ایک خط ہے جو تحریر فرمایا آپ نے کہ:

’’آپ درود شریف کے پڑھنے میں بہت ہی متوجہ رہیں اور جیسا کہ کوئی اپنے پیارے کے لئے فی الحقیقت برکت چاہتا ہے۔ ایسے ہی ذوق اور اخلاص سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے برکت چاہیں اور بہت ہی تضرع سے چاہیں اور اس تضرع اور دعا میں کچھ بناوٹ نہ ہو۔ بلکہ چاہئے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی دوستی اور محبت ہو اور فی الحقیقت روح کی سچائی سے وہ برکتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مانگی جائیں کہ جو درود شریف میں مذکور ہیں............ اور ذاتی محبت کی یہ نشانی ہے کہ انسان کبھی نہ تھکے اور نہ ملول ہو اور نہ اغراض نفسانی کا دخل ہو اور محض اسی غرض کے لئے پڑھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر خداوند کریم کے برکات ظاہر ہوں۔ (مکتوبات احمدیہ جلد اول صفحہ 25,24)

پھر آپ فرماتے ہیں کہ:

’’ایک مرتبہ میں سخت بیمار ہوا یہاں تک کہ تین مختلف وقتوں میں میرے وارثوں نے میرا آخری وقت سمجھ کر مسنون طریقہ پر مجھے تین مرتبہ سورۃ یٰسین سنائی۔ جب تیسری مرتبہ سورۃ یٰسین سنائی گئی تو میں دیکھتا ہوں کہ بعض عزیز میرے جو اب وہ دنیا سے گزر بھی گئے، دیواروں کے پیچھے بے اختیار روتے تھے اور مجھے ایک قسم کا سخت قولنج تھا اور بار بار دم بدم حاجت ہو کر خون آتا تھا۔ سولہ دن برابر ایسی حالت رہی اور اسی بیماری میں میرے ساتھ ایک اور شخص بیمار ہوا تھا وہ آٹھویں دن راہی ملک بقا ہو گیا حالانکہ اس کے مرض کی شدت ایسی نہ تھی جیسی میری۔ جب بیماری کو سولھواں دن چڑھا تو اس دن بکلی حالت یاس ظاہر ہو کر (یعنی بالکل مایوسی کی حالت طاری ہو گئی) تیسری مرتبہ مجھے سورۃ یٰسین سنائی گئی اور تمام عزیزوں کے دل میں یہ پختہ یقین تھا کہ آج شام تک یہ قبر میں ہو گا۔ تب ایسا ہوا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے مصائب سے نجات پانے کے لئے بعض اپنے نبیوں کو دعائیں سکھلائی تھیں مجھے بھی خدا نے الہام کر کے ایک دعا سکھلائی اور وہ یہ ہے:

’’سبحان اللّٰہ وبحمدہ (۔۔) (نزول المسیح، نشان نمبر 77 تاریخ 1880ء)

(روزنامہ الفضل 6 جنوری 2004ء)

التجائے فقیر

اے خدا! تو بخش دے میرے گُنہ میرے عیوب
سن لے اپنے فضل سے میری ندا میری صدا
سستیوں میں، غفلتوں میں، زندگی ساری کٹی
تیری خوشنودی کی راہیں ڈھونڈتا ہی رہ گیا
میں نہیں پاتا کوئی بھی شے جو لائق ہو ترے
نامۂ اعمال خالی ، اور عصیاں بے بہا
بوجھ بڑھتے جا رہے ہیں اور منزل ہے قریب
دستگیری کر مری ، تو ہی مرا مشکل کشا
کس طرح بخشش مری ہو گی ، مرے پیارے رحیم
کس طرح بگڑی بنے گی ، اے مرے قادر خدا
میں ہوں شرمندہ بہت اپنے کئے پر روز و شب
ڈھانپ لے رحمت سے اپنی مالکِ ارض و سما
تیری رحمت کے سوا اب آسرا کوئی نہیں
تیری ہی نظرِ کرم سے ہو گا ہر عقدہ کشا
ظلمتیں کافور کر دے ، پاک کر دے جسم و جاں
دل کو بھر دے نور سے اے منبعِ نورِ ہدیٰ
دے مجھے توفیق مولیٰ! کام ایسے کر سکوں
جن سے تو راضی ہو مجھ سے اور بخشے ہر خطا
اک گدا ہوں تیرے در کا، ہاتھ ہیں خالی مرے
میرے مولیٰ مجھ کو دے اپنی عطا سے ہر عطا
ہاتھ پھیلائے یہ عاصی در پہ دیتا ہے صدا
کر عطا، میرے مجیب، اے مبدءِ! جُود و سخا

عطاء المجیب راشد

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ — مطبع: ضیاء الاسلام پریس — مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) — قیمت 5 روپے

مکرم مولانا محمد احمد صاحب جلیل

رویا، کشف، الہام اور وحی کے لغوی اور اصطلاحی معانی

نیند کی حالت میں انسان جو منظر دیکھتا ہے اس کے لئے عربی زبان میں دو لفظ ہیں۔ رویا اور حُلم۔ لغت میں رویا کے معنے ہیں کہ خواب میں جو نظارہ دکھائی دیتا ہے اور حلم فی نومہ کے معنے بھی رای فی منامہ رویا ہیں اور حلمت بہ فی نومی کے معنے رأیت فی المنام کئے گئے ہیں۔ (منجد و راغب)

گویا رویا اور حلم دونوں لفظ مترادف ہیں۔ حلم کی جمع احلام ہے۔ احلام کا لفظ خواب کے علاوہ عربی محاورہ میں جھوٹی آرزوؤں اور خام خیالی کے مفہوم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں ھذہ احلام نائم اے امانی کاذبۃ۔

اس لغوی تحقیق سے جہاں رویا اور حلم کا ہم منبع ہونا ظاہر ہے وہاں ان دونوں لفظوں میں ایک لطیف فرق بھی نظر آ رہا ہے کہ جھوٹی اور پریشان خواب کے لئے عربی میں رویا کا لفظ استعمال نہیں ہوتا بلکہ حلم کا لفظ بولا جاتا ہے۔ رویا عموماً سچی خواب کو کہتے ہیں۔ قرآن کریم سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ سورۂ یوسف میں آتا ہے۔

شاہ مصر نے کہا کہ میں نے رویا میں سات موٹی گائیں دیکھیں جنہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات بالیں سبز اور سات خشک دیکھیں۔ اس کے درباری علماء کو اس رویا کا مطلب سمجھ نہ آیا تو انہوں نے کہہ دیا کہ ''اضغاث احلام'' یہ پریشان خوابیں ہیں۔ انہوں نے رویا کی بجائے احلام کا لفظ استعمال کیا۔

حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی دکھائی ہوئی خواب رویا ہے اور شیطانی خواب کا نام حُلم ہے۔

رویا کے معنوں میں لغت اور اصطلاح میں کوئی فرق نہیں۔ اس کے جو معنے عربی زبان میں ہیں وہی مفہوم دینی اصطلاح میں ہے۔ البتہ احادیث میں اور تفسیر و تصوف کی کتب میں رویا کی اقسام اور تفصیل بیان کی گئی ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ خوابیں تین قسم کی ہوتی ہیں۔ حدیث النفس، شیطانی خواب اور رویائے حقہ۔

حدیث النفس ایسی خواب کو کہتے ہیں جو انسان کے اپنے خیالات، ماحول کے اثرات اور نفسی کیفیات بیماری، خوف وغیرہ کا انعکاس ہوتی ہے۔ سپر چولسٹ خاص قسم کی ریاضت کے ذریعہ جو خوابیں دیکھتے ہیں وہ بھی اسی ضمن میں آتی ہیں۔

شیطانی خواب وہ ہے جو شیطانی وسوسہ کے نتیجہ میں آتی ہے کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ جس طرح ملائکہ انسان پر اپنا نیک اثر ڈالتے ہیں اسی طرح شیطان بھی اپنا بد اثر ڈلنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ اس نیک اور بد اثر کو حدیث میں لمۃ من الرحمان اور لمۃ من الشیطان کہا گیا ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا مشہور واقعہ ہے کہ ایک دفعہ ان کی صبح کی نماز قضاء ہو گئی۔ جس کا انہیں سخت افسوس ہوا۔ سارا دن توبہ و استغفار کرتے رہے۔ اگلی رات انہوں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی شخص انہیں نماز کے لئے جگا رہا ہے انہوں نے پوچھا تم کون ہو۔ اس نے کہا میں شیطان ہوں۔ آپ کو نماز کے لئے جگا رہا ہوں کیونکہ کل نماز قضاء ہونے پر آپ نے اس قدر استغفار کیا کہ آپ کے اعمال نامہ میں کئی گنا زیادہ ثواب لکھا گیا۔ آج میں خود جگا رہا ہوں تا کہ آپ ایک نماز سے زائد ثواب کے مستحق نہ ہو جائیں۔

اسی طرح حقیقۃ الرؤیا میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے لکھا ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی ایک بیٹی تھیں جو بہت وظائف پڑھا کرتی تھیں۔ انہیں اس شغل میں اتنا انہاک ہوا کہ نوافل اور پھر رفتہ رفتہ سنتیں بھی چھوڑ دیں۔ ان کے ایک بھائی کو ان کی حالت دیکھ کر فکر ہوا۔ بہن کو بہت سمجھایا مگر اثر نہ ہوا۔ آخر انہوں نے لاحول ایک خاص طریق سے پڑھنے کا وظیفہ انہیں بتایا اس کے بعد ان کی حالت میں تبدیلی آ گئی اور وہ باقاعدہ نوافل اور سنتیں پڑھنے لگ گئیں۔ بھائی نے ایک دن اس تغیر کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ میں آپ کا بتایا ہوا وظیفہ پڑھ رہی تھی کہ اچانک شیطان بندر کی شکل میں آیا اور مجھے کہنے لگے کہ تم بچ گئی ہو۔ اگر تم یہ وظیفہ نہ پڑھتیں تو میں تم سے فرض بھی چھڑانے والا تھا۔

قرآن کریم میں نفسانی اور شیطانی دونوں قسم کی خوابوں کو ''اضغاث احلام'' کے لفظ سے ذکر کیا گیا ہے۔ کیونکہ اثر کے لحاظ سے دونوں یکساں ہیں۔ دونوں انسان کے ذہن کو پریشان اور مشوش کرتی ہیں۔ نہ حدیث النفس کا کوئی نتیجہ ہوتا ہے اور نہ شیطان حقیقۃً کوئی نفع یا نقصان پہنچانے کی قدرت رکھتا ہے۔ صرف وسوسہ اندازی کرتا ہے۔ اسی لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی ڈراؤنی اور پریشان کن خواب آئے تو بائیں طرف تھوک دو اور استغفار کرو۔

رویائے حقہ کے صفائی اور اعلیٰ معارف اور غیب کی خبروں پر مشتمل ہونے کے لحاظ سے دیکھنے والوں کی استعداد اور روحانی حالت کے مطابق بے انتہا مدارج ہیں۔ ایک عام مومن سے لے کر اولیاء و انبیاء تک سب کو رویا آتی ہے بلکہ درحقیقت ہر انسان کی فطرت میں رؤیا کی استعداد کم و بیش ودیعت کی گئی ہے۔ برے لوگوں کو بھی بعض دفعہ سچی خوابیں آتی ہیں۔ حضرت مسیح موعود توضیح مرام میں فرماتے ہیں:۔

''بعض اوقات ایک نہایت درجہ کی فاسقہ عورت جو کنجریوں کے گروہ میں سے ہے جس کی تمام جوانی بدکاری میں گزری ہے، کبھی سچی خواب دیکھ لیتی ہے .... کیونکہ جبریلی نور آفتاب کی طرح جو اس کا ہیڈ کوارٹر ہے تمام معمورۂ عالم پر حسب استعداد ان کی اثر ڈال رہا ہے اور کوئی نفس بشر دنیا میں ایسا نہیں کہ بالکل تاریک ہو۔''

مگر انبیاء اور اولیاء اللہ کے رؤیا اور عام لوگوں کی خوابوں میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ عامۃ الناس کی رؤیا کی مثال قرآن کریم کی سورۂ یوسف میں یہ دو آدمیوں کی خوابیں ہیں ایک نے دیکھا کہ وہ سر پر کھانا اٹھائے جا رہا ہے جس میں سے پرندے کھا رہے ہیں اور دوسرے نے دیکھا کہ وہ انگور نچوڑ کر شراب بنا رہا ہے۔ یہ خوابیں دو شخصوں کی اپنی زندگی اور موت کی خبر تک محدود ہیں۔ پہلی خواب میں دیکھنے والے کی موت اور دوسری میں رہائی اور زندگی کی طرف اشارہ تھا۔ اس کے بالمقابل انبیاء اور اہل اللہ کے رویا کا نمونہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ رویا ہے آپ نے اپنے صاحبزادہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ تمہیں ذبح کر رہا ہوں۔ تم سوچ کر بتاؤ کہ اس کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے اس عظیم الشان خواب کا نتیجہ یہ تھا کہ اس مقدس باپ کو جناب الٰہی سے ''قد صدقت الرویا'' کا خطاب ملا اور مقدس بیٹے کو ''فدیناہ بذبحٍ عظیم'' کا صلہ عطا ہوا کہ اس وقت سے ہر سال ہزاروں جانوروں کی قربانی ان کی قربانی کی پیشکش کی یاد میں کی جاتی ہے۔

اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام کا یہ رویا ہے کہ انہوں نے گیارہ ستاروں اور چاند سورج کو اپنے آگے سجدہ کرتے دیکھا۔ اس رؤیا میں ایک عظیم بشارت تھی۔ جو ''رفع ابویہ علی العرش'' کی صورت میں پوری ہوئی کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو نبوت کے ساتھ حکومت بھی ملی اور پھر وہ وقت آیا جب انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس بلوا لیا اور اعزاز کے ساتھ اپنے پاس تخت پر بٹھایا اور ان کے دشمن بھائی ان کے مطیع اور گرویدہ ہو گئے۔

پس رویائے صادقہ کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ عامۃ الناس کو ان کی استعداد کے مطابق خوابیں آتی ہیں جبکہ اہل اللہ کے رویا غیر معمولی معارف و برکات و مصفّٰی غیب اور پیشگوئیوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ حدیث میں آتا ہے ''رویا الانبیاء وحی'' کہ انبیاء کے رؤیا بھی وحی ہوتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''خواص اور عام کی خوابیں اور وہ مکاشفات اپنی کیفیت اور کمیت اتصالی و انفصالی میں ہرگز برابر نہیں ہیں۔ جو لوگ خدا تعالیٰ کے خاص بندے ہیں وہ خارق عادت کے طور پر نعمت غیبی کا حصہ لیتے ہیں دنیا ان نعمتوں میں جو انہیں عطا کی جاتی ہیں صرف ایسے طور کی شریک ہے جیسے شاہ وقت کے خزانہ کے ساتھ ایک گدا دریوزہ گر ایک درم کے حاصل رکھنے کی وجہ سے شریک خیال کیا جائے۔''

(توضیح مرام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 96)

کشف

رویا کے بعد کشف کی تعریف عرض کرتا ہوں:۔

لفظ کشف کا لغوی مفہوم رفع حجاب ہے۔ کشف الشیی اور کشف عن الشیی کے معنے ہیں۔ کسی چیز کو ظاہر کرنا اور اس سے پردہ یا غلاف اٹھا دینا۔ چہرہ سے نقاب ہٹا دینا۔ کشف غمہ کے معنے ہیں اس کا غم دور کر دیا۔ قرآن کریم میں آتا ہے وان یمسسک اللّٰہ بضر (۔) ان آیتوں میں کشف کا لفظ تکلیف دور کرنے اور غفلت کا پردہ ہٹانے کے معنے میں آیا ہے۔ لفظ مکاشفہ کا مادہ بھی کشف ہے۔ کاشفہ بکذا کے معنے ہیں اطلعہ علیہ و اظھرہ لہ۔ کسی کو کوئی اطلاع دینا اور اس پر اس امر کا اظہار کرنا۔ لفظ کشف کے یہ لغوی معنی ہیں جو منجد اور مفردات راغب میں بیان کئے گئے ہیں۔

اب اس کے اصطلاحی معنے بیان کرتا ہوں:۔

میر سید شریف جرجانی اپنی کتاب التعریفات میں تصوف کی اصطلاح میں کشف کے یہ معنے لکھتے ہیں:۔

کوئی ایسا امر جو حقیقت ہے لیکن پردۂ غیب میں ہے اس پر باذن الٰہی اطلاع پانا صوفیاء کی اصطلاح میں کشف کہلاتا ہے۔ قرآن کریم میں لفظ کشف اصطلاحی مفہوم میں نہیں آیا۔ بلکہ صرف لغوی معنے میں آیا ہے۔ جیسا کہ دو آیتیں ابھی بیان کی گئی ہیں۔

رویا اور کشف میں یہ فرق ہے کہ رویا نیند کی حالت میں آتی ہے اور کشف بیداری میں ربودگی کی کیفیت طاری ہو کر یا نیم خوابی کی حالت میں ہوتا ہے۔ کشف میں اہل اللہ پر روحانی اسرار اور غیبی معارف ظاہر کئے جاتے ہیں۔ بسا اوقات دوسرے لوگوں کی موجودگی میں کشفی حالت طاری ہوتی ہے جس کا دوسرے لوگوں کو احساس نہیں ہوتا لیکن بعض اوقات کوئی دوسرا شخص بھی صاحب کشف کے ساتھ بہ تصرف الٰہی کشف کی کیفیت میں شریک ہو جاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یا ساریۃ الجبل والا کشف مشہور ہے۔ خطبہ پڑھتے ہوئے آپؓ پر کشفی حالت طاری ہوئی اور آپ نے بلند آواز سے

''یا ساریۃ الجبل'' کہا (یعنی اے ساریہ اپنی فوج کو پہاڑ کے دامن میں لے جاؤ) یہ جملہ نہ صرف

خطبہ میں موجود لوگوں نے سنا بلکہ سینکڑوں میل کے فاصلہ پر اسلامی فوج کے کمانڈر حضرت ساریہؓ نے بھی سنا اور اس کی تعمیل کی۔بعض دفعہ کشف میں کوئی چیز مادی صورت اختیار کر لیتی ہے جو بعد میں بھی قائم رہتی ہے۔اس کی مثال حضرت مسیح موعود کے کرتہ پر سرخی کے چھینٹے پڑنے والا کشف ہے۔

غرضیکہ کشف کے عجائبات ایک قلزم بیکراں ہیں۔روحانیت کے غواص اپنی استعداد اور ہمت کے مطابق اس کے موتی اور جواہرات سے جھولیاں بھرتے رہتے ہیں۔صوفیاء رؤیا کشف میں آنحضرت ﷺ کی زیارت کے شوق میں مختلف وظائف پڑھتے تھے۔حضرت مسیح موعود کے کلام کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کشف میں کثرت سے بزرگان کی زیارت سے فیضیاب ہوتے تھے۔اپنے ایک عربی قصیدہ میں فرماتے ہیں:۔

خدا کی قسم میں نے اس مجسم حسن و جمال کا دیدار اپنی ان جسمانی آنکھوں سے بحالت بیداری کیا ہے۔مراد کشف میں زیارت کرنا ہے۔

الہام

رویا اور کشوف کے بعد الہام اور وحی کی تعریف بیان کرتا ہوں:۔

لفظ الہام،لھم سے باب افعال کا مصدر ہے۔لغت میں لھم الشیی کے معنے ہیں۔کسی چیز کو یک دفعہ نگل لینا لھم الماء کے معنے جرعہ ہیں (پانی ایک گھونٹ میں پی جانا) اور الھمہ الشیی کے معنے ہیں ابلعہ ایاہ (اسے کوئی چیز نگلوادی)۔

وحی

لفظ وحی، وحی اور اَوحی کا مصدر ہے۔وحی وحیا الی فلان کے معنے ہیں۔کسی کو اشارہ کرنا یا پیغام بھیجنا) وحی اور اوحی الیہ کلاماً کے معنے ہیں کسی سے خفیہ اور راز داری میں بات کرنا امام راغب اپنی لغت قرآن مفردات میں لفظ وحی کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

یعنی لفظ وحی کا اصل مفہوم تیزی سے اشارہ کرنا ہے۔جس کی کئی صورتیں ہیں،مثلاً رمز و تعریض میں کلام کرنا یا محض آواز سے اظہار مقصد کرنا، یا جسم کے کسی عضو سے مثلاً ہاتھ یا سر سے اشارہ کرنا، یا لکھ کر مطلب بتانا۔ان سب طریقوں کو عربی محاورہ میں وحی کہا جائے گا۔قرآن کریم میں حضرت زکریا علیہ السلام کے متعلق آتا ہے فاوحی الیھم یہاں وحی کے معنی رمز یا اشارہ سے بات کرنا ہے۔چنانچہ دوسری جگہ لاتکلم الناس (۔) آیا ہے۔اسی طرح قرآن میں آیا ہے کہ شیطان اپنے دوستوں کو وحی کرتے ہیں۔اس جگہ وحی سے مراد خفیہ اشارے کرنا ہے۔الہام کا لفظ قرآن کریم میں صرف ایک دفعہ آیا ہے۔فالھمھا فجورھا وتقوھا۔

لفظ الہام اور وحی کی اس تحقیق سے ظاہر ہے کہ لغت کی رو سے ان کا مفہوم مختلف ہے لیکن جب لفظ الہام یا وحی کا فاعل اللہ تعالیٰ ہو اور یہ لفظ انسان کے متعلق استعمال ہوں تو یہ مترادف المعنے ہوتے ہیں۔

چنانچہ لغت کی کتاب منجد میں وحی اللہ فی قلبہ اور اوحی اللہ الیہ کے معنے الھمہ ایاہ اور الھم اللہ فلانا خیرا کے معنے اوحی الیہ بہ ولقنہ ایاہ ووفقہ لــہ کئے گئے ہیں۔گویا الہام کے معنے وحی اور وحی کا ترجمہ الہام کیا گیا ہے۔امام راغب لفظ الہام کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

کہ لفظ الہام اللہ تعالیٰ یا ملائکہ کے لئے استعمال ہوتا ہے،شیطانی القاء کو الہام نہیں کہا جاتا۔

اس تفصیل سے واضح ہو جاتا ہے کہ الہام اور وحی جب القاء الٰہی کے معنے میں استعمال ہوں تو عربی زبان میں ان کا مفہوم ایک ہی ہوتا ہے۔لیکن علماء نے عموماً وحی اور الہام میں فرق کیا ہے جس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ بعض روایات میں آنحضرت ﷺ کے بعد انقطاع وحی کا ذکر ہے اور اس کے ساتھ ہی مبشرات اور محدثیت کا امت میں جاری ہونا بھی آتا ہے جیسے ایک روایت ہے انقطع الوحی و بقیت المبشرات اور ترمذی ابواب المناقب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پہلی امتوں میں ایسے لوگ ہوئے ہیں جو مکالمۂ الٰہی سے مشرف تھے۔اگر میری امت میں ایسے لوگ ہوئے تو عمر بن خطاب ان میں سے ہوں گے۔اس قسم کی روایات کی بناء پر عام اہل علم کا یہ مسلک ہے کہ وحی کلام الٰہی ہے جو صرف انبیاء پر نازل ہوتی ہے،اور غیر انبیاء کو الہام ہوتا ہے جو بصورت کلام نہیں ہوتا بلکہ ملہم کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی امر القاء ہوتا ہے۔چنانچہ علامہ سید شریف کتاب التعریفات میں الہام کی یہ تعریف کرتے ہیں:۔

الہام کسی امر کا الٰہی فیضان کے ذریعہ دل میں القاء ہونا ہے اور بعض علماء نے الہام کی یہ تعریف کی ہے کہ الہام وہ علم اور معرفت ہے جو کسی آیت قرآنی سے استدلال یا کسی دلیل پر غور و فکر کا نتیجہ نہ ہو بلکہ براہ راست اللہ تعالیٰ سے حاصل ہو۔نیز وہ کسی عمل کا محرک اور مقتضی ہو۔

قرآن کریم کی بعض آیات میں غیر انبیاء کی طرف وحی ہونے کا ذکر ہے۔مثلاً ام موسیٰ اور حواریاں مسیح۔یہ لوگ ان آیات میں لفظ وحی کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ اس سے یہاں کلام مراد نہیں بلکہ القاء فی الروع یعنی دل میں بات ڈالنا مراد ہے۔

علماء کا دوسرا طبقہ جن میں امام غزالی بھی ہیں اس سے کچھ آگے بڑھا ہے ان کے نزدیک غیر انبیاء پر بھی کلام کی صورت میں الہام ہو سکتا ہے۔لیکن یہ کلام ملائکہ اور جبرائیل کے توسط سے نازل نہیں ہوتا۔ان کے نزدیک ملائکہ کے ذریعہ کلام نازل ہونا انبیاء کی خصوصیت ہے اور قرآن کریم میں جہاں غیر انبیاء پر ملائکہ کے نزول کا ذکر آیا ہے اس کی یہ تاویل کرتے ہیں یہ ملائکہ وحی لے کر نہیں آتے ہیں بلکہ وفات کے وقت یا ویسے انزال سکینت کے لئے نازل ہوتے ہیں۔یہ علماء سورۃ النحل کی اس آیت سے استمساک کرتے ہیں۔الذین تتوفھم الملائکۃ طیبین (۔) اس آیت میں وفات کے وقت نیک لوگوں پر ملائکہ کے نزول کا ذکر ہے۔یہ لوگ اس آیت کو اصل قرار دے کر باقی آیات کی اس کے مطابق تاویل کرتے ہیں۔

ان دو گروہوں کے علاوہ ایک تیسرا طبقہ علماء محققین کا ہے۔جو اس بات کا قائل ہے کہ انبیاء و غیر انبیاء سب اہل اللہ پر ملائکہ کے ذریعہ کلام نازل ہوتا ہے جس کی واضح دلیل سورۃ حٰم السجدہ کی یہ آیت ہے۔

ان الذین قالوا ربنا اللہ (۔) اس آیت میں وفات کے وقت ملائکہ کا نزول مراد نہیں لیا جا سکتا کیونکہ اس سے اگلی آیت یہ ہے کہ دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ہم تمہارے دوست اور مددگار ہیں۔حیاۃ الدنیا کے خاتمہ پر نحن اولیاؤ کم فی الحیاۃ الدنیا کی بشارت دینے کے کیسے معنے؟

پس صحیح مسلک یہی ہے جو علماء محققین کا ہے کہ الہام و وحی میں لفظی فرق ہے حقیقت میں کوئی فرق نہیں۔ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔جیسے نبی اور رسول لفظاً مختلف ہیں لیکن مصداق ایک ہی ہوتا ہے۔انبیاء اور غیر انبیاء کی وحی میں تفاوت کیفیت و کمیت میں ہوتا ہے۔کلام الٰہی ہونے میں یا ملائکہ کے واسطہ سے نازل ہونے میں ان کے درمیان کوئی فرق نہیں۔چنانچہ حضرت امام محی الدین ابن عربی فتوحات مکیہ میں فرماتے ہیں۔

ہمارے اصحاب میں سے امام غزالیؒ وغیرہ جو اس بات کے قائل ہیں کہ نبی اور ولی میں فرشتہ کے نزول کا فرق ہے۔نبی ولایت و نبوت کا جامع ہوتا ہے اس پر نزول ملک کے علاوہ بعض امور الہام بھی ہوتے ہیں لیکن ولی کو صرف الہام ہوتا ہے۔یہ خیال میرے نزدیک درست نہیں اور اس کے قائلین کے عدم ذوق کی غمازی کرتا ہے۔درحقیقت فرق اس وحی میں ہوتا ہے جو فرشتہ کے ذریعہ رسول اور نبی پر نازل ہوتی ہے۔فرشتہ کے نزول میں کوئی فرق نہیں ہوتا فرشتہ جو وحی نبی پر لاتا ہے اس وحی سے جو تابع ولی پر لاتا ہے اپنی کیفیت میں ہوتی ہے۔

(فتوحات جلد سوم ص364)

حضرت امام عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں:۔

یعنی سچی بات یہ ہے کہ نبیوں اور اولیاء کی وحی میں فرق صرف وحی کے مضمون اور کیفیت کا ہوتا ہے۔فرشتہ کے نازل ہونے میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

(الیواقیت والجواہر جلد2)

حضرت مولانا اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب منصب امامت میں فرماتے ہیں:۔

''وہ الہام جو نبیوں پر اترنا ثابت ہے اسے وحی کہتے ہیں اور اگر وہ غیر نبیوں پر اترے تو اسے محدثیت کہہ دیتے ہیں اور قرآن کریم میں الہام کو ہی خواہ وہ انبیاء پر اترے یا غیر انبیاء پر،وحی کہا گیا ہے۔''

حضرت اسمٰعیل شہیدؒ قرآن کریم کی رو سے انبیاء اور غیر انبیاء کے الہام کو وحی کہتے ہیں جس کے کلام الٰہی ہونے یا ملائکہ کے ذریعہ نازل ہونے میں کوئی فرق نہیں ان کے نزدیک ولی کے الہام کو محدثیت اور نبی کے الہام کو وحی کہنا اصطلاحی فرق ہے۔حقیقی نہیں۔حضرت مولانا رومؒ اسی مضمون کو مثنوی میں اس طرح بیان فرماتے ہیں۔

کہ اولیاء اللہ کی وحی نجوم و خواب وغیرہ نہیں ہوتی بلکہ حقیقی وحی ہوتی ہے جسے مصلحۃً عوام الناس سے احتیاط کی خاطر صوفیاء وحی دل یا الہام کہہ دیتے ہیں۔

خواجہ معین الدین چشتیؒ فرماتے ہیں

دمبدم روح القدس اندر معینے میدمد
من نمی گویم مگر من عیسیٰ ثانی شدم

نزول ملائکہ کے متعلق حکم عدل حضرت مسیح موعود کا ایک ارشاد پیش کر کے اس مضمون کو ختم کرتا ہوں۔توضیح مرام میں آپ فرماتے ہیں:۔

''جب کوئی شخص کسی خاص زمانہ میں اعتدال روحانی حاصل کر لیتا ہے اور خدا تعالیٰ کی روح اس کے اندر آباد ہوتی ہے۔یعنی اپنے نفس سے فانی ہو کر بقاء باللہ کا درجہ حاصل کرتا ہے تو ایک خاص طور پر نزول ملائکہ کا اس پر شروع ہو جاتا ہے۔'' (توضیح مرام)

(الفضل 23،24 مئی 1968ء)

ایثار

1947ء میں قیام پاکستان کے وقت جب لاکھوں مہاجر لٹے پٹے قافلوں کے ساتھ پاکستان کی طرف رخ کئے ہوئے تھے۔اور دوسری طرف مسلمان عورتوں کی عزت و حرمت کے ساتھ ظلم کی ہولی کھیلی جا رہی تھی اور بچوں کو اچھال کر نیزوں میں پرویا جا رہا تھا اس وقت احمدیہ جماعت کا مرکز قادیان جو خود بھی دشمنوں کے نرغہ میں تھا دور دور کے تمام مسلمان دیہات کی پناہ گاہ بن چکا تھا۔اس چھوٹی سی بستی میں 75ہزار بے خانماؤں کو سہارا مہیا کیا۔ان بالکل مفلس اور قلاش مہاجروں کی کفالت جماعت احمدیہ نے کی اور کسی ایک کو بھی بھوکا نہیں مرنے دیا گیا جلسہ سالانہ کی ضروریات کے خیال سے اکٹھی کی ہوئی گندم کے گودام ان کے لئے کھول دئے گئے۔

(خطبات طاہر جلد 4 ص187)

اب ننگے اور عریاں جسموں کو جہیزوں کے کپڑوں سے ڈھانپا گیا۔حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے خود اپنی بیگم کے قیمتی کپڑے تقسیم کر کے اس کام کا آغاز کیا ان کے کپڑوں میں بعض ایسے قیمتی اور پرانے خاندانی ملبوسات بھی تھے جو وہ خراب ہونے کے ڈر سے نہیں پہنتی تھیں اس کے بعد تو ہر کمرہ کے بکس کھل گئے۔

(جلسہ سالانہ کی دعائیں ص89)

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب قادیان سے نکلے تو ان کے ہاتھ میں صرف ایک خاکی تھیلا تھا جس میں صرف ایک جوڑا تھا۔

(خطبات طاہر جلد4 ص188)

مکرم محمد شفیع خان صاحب

میری خالہ محترمہ امۃ الباسط صاحبہ

میری خالہ جان محترمہ امۃ الباسط صاحبہ دختر حضرت مولوی غلام رسول صاحب افغان رفیق حضرت مسیح موعود مورخہ 13 جولائی 2009ء دوپہر 3 بجے ربوہ میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ کی والدہ ماجدہ عائشہ پٹھانی صاحبہ حضرت بزرگ صاحب کی بھتیجی تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ نے 14 جولائی 2009ء کو احاطہ دفتر صدر انجمن احمدیہ میں صبح 10 بجے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں قبر تیار ہونے پر محترم ڈاکٹر عبدالخالق صاحب نے دعا کرائی۔

مرحومہ نے اپنی تمام زندگی ماں باپ کی خدمت اور قرآن کریم کی تدریس میں گزار دی۔ وہ صوم وصلوٰۃ کی پابند تہجد گزار صبر و قناعت جیسے اوصاف سے آراستہ تھیں۔ آپ کی چار بہنیں اور ایک بھائی ہے۔ آپ سب بہن بھائیوں میں چھوٹی تھیں آپ سے دو برس بڑا بھائی ہے جو ملازمت کے سلسلہ میں دور دراز کے علاقوں میں ملازمت کے دوران قیام کرتا رہا اس لئے والدین کو سنبھالنے کی تمام تر ذمہ واری آپ کی تھی۔ قادیان سے ہجرت کے بعد آپ کا گھرانہ ننکانہ صاحب میں قیام پذیر ہو گیا۔ تمام بڑی بہنوں کی شادی ہو گئی والد صاحب 1959ء میں وفات پا گئے اب گھر کی تمام ذمہ واری مرحومہ کی تھی۔ مرحومہ نے ننکانہ کے گرلز سکول میں بطور ٹیچر ملازمت کر لی اور اس طرح نہ صرف والدہ کی کفالت کا ذمہ اٹھایا بلکہ والدہ کے ساتھ مل کر بچوں اور بچیوں کو قرآن کریم پڑھانے کا بیڑہ بھی اٹھایا۔ مرحومہ نے بچپن نیک سیرت ماں باپ کے سایہ میں گزارہ تھا اس لئے انہیں دین سے لگن ورثے میں ملی تھی۔ آپ کے والد حضرت مولوی غلام رسول افغان کی قادیان میں احمدیہ بازار میں دودھ کی دکان تھی۔ آپ خوست افغانستان کے رہنے والے تھے اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑے تھے انہیں نوجوانی کی عمر میں احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ وہ حضرت مسیح موعود کے قدموں میں زندگی بسر کرنے قادیان تشریف لائے تھے اور کسی صورت میں بھی آپ کی صحبت چھوڑ کر واپس اپنے گھر افغانستان جانے کے لئے تیار نہیں تھے۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ کی زندگی میں ان کے گھر کے کام کاج بطور خادم سرانجام دیتے رہے۔ وہ حضرت مسیح موعود کی خدمت کا جذبہ لے کر آئے تھے اور اسی میں دلی سکون پاتے تھے۔ نماز، روزہ، تہجد اور درس قرآن میں شمولیت یہی ان کی زندگی کے معمولات تھے۔ حضور پُرنور کے وصال کے بعد آپ کے معمولات نہیں بدلے بلکہ آپ صبح و شام حضرت اماں جان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور التجاء کرتے کہ مجھے کام بتائیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بانی سلسلہ عالیہ کی زندگی میں ان سے کہا تھا۔ غلام رسول تم حکمت سیکھو زندگی بسر کرنے کے لئے ہنر بھی ضروری ہے۔ آپ کا ہمیشہ ایک ہی جواب ہوتا حضور میں افغانستان سے مسیح موعود کی خدمت کے لئے بھرا گھر جائیداد اور کھیتی باڑی چھوڑ کر آیا ہوں۔ اگر میں نے دنیا کمانا تھی تو وہ میرے وطن میں بھی میسر تھی۔ قبول احمدیت کے بعد ان کے بھائی اور چچا ان کو واپس وطن لے جانے کے لئے آئے لیکن انہوں نے مسیح موعود کی غلامی میں رہنے کو ترجیح دی اور زندگی بھر کبھی افغانستان نہیں گئے۔

حضرت مسیح موعود کے وصال کے بعد آپ نے پہلے پہل قادیان میں پرچون کی دکان بنائی۔ پیدل بٹالہ جاتے اور وہاں سے دکان کے لئے سامان لاتے کئی برس تک انہوں نے کریانہ کی دکان کی۔

پھر آپ نے دودھ کی دکان شروع کی۔ آپ رات کے پچھلے پہر اٹھ کر چھوٹے ننگل اور بڑے ننگل (دو دیہات قادیان سے تھوڑے فاصلے پر ہیں) جاتے اور وہاں سے اپنے سامنے دودھ لاتے تھے۔ گاؤں کے دو نوجوان سروں پر بڑے بڑے دودھ کے برتن اٹھا کر ساتھ چلتے دکان پر آتے جونہی وہ دکان پر پہنچتے برتنوں کی لمبی لائن دکان پر لگی ہوتی۔ آپ باری پر سب کو دودھ دیتے ہر کسی کی کوشش ہوتی کہیں دودھ ختم نہ جائے۔

مجھے آج بھی اچھی طرح سے یاد ہے کہ میں نے ایک بار والدہ سے ضد کی کہ میں نے بھی نانا جان کے ساتھ جانا ہے میری ضد پر مجھے ایک روز نانا جان ساتھ لے گئے۔ میں اس وقت چھوٹا تھا لیکن سب کچھ سمجھتا تھا۔ انہوں نے میری انگلی پکڑ رکھی تھی میں ان کے ساتھ چل رہا تھا۔ وہ راستہ بھر قرآن کریم کی تلاوت کرتے جا رہے تھے جب ہم بہشتی مقبرہ قادیان کے احاطہ کے قریب پہنچے تو آپ رک گئے۔ بہشتی مقبرہ کے بالمقابل کچی سڑک کی دوسری جانب ایک باغ تھا۔ آپ نے اس باغ میں اپنی چادر بچھائی اور تہجد ادا کرنے کے لئے کھڑے ہو گئے۔ مجھے بھی اپنے ساتھ کھڑا کر لیا۔

تہجد کی ادائیگی کے بعد ہم پھر روانہ ہوئے جب ننگل کے پاس پہنچے تو فجر کی اذان ہونے لگی۔ ننگل پہنچ کر انہوں نے میرے ساتھ نماز فجر ادا کی اور پھر وہاں دودھ کے لئے متعلقہ گھرانوں کے پاس یکے بعد دیگرے گئے۔ نانا جان جب تک دودھ دھلواتے رہے مسلسل درود شریف پڑھتے رہے اور واپسی پر بھی راستہ بھر درود شریف کا ورد کرتے رہے۔ دن چڑھے وہ دکان پر آ جاتے۔ نداء ہونے پر دکان کو کھلا چھوڑ کر ادائیگی نماز کے لئے بیت الاقصیٰ اور کبھی بیت المبارک تشریف لے جاتے۔ دن بھر قرآن کریم کی تلاوت دکان پر بیٹھے بھی کرتے رہتے۔ جب کوئی گاہک آتا تو قرآن شریف کو تھوڑی دیر کے لئے رکھ دیتے اور جونہی وہ چلا جاتا دوبارہ تلاوت شروع کر دیتے۔

ایک بار آپ بیمار پڑ گئے تو آپ کی بیٹیاں بڑی تھیں اس وقت تک ان کی کوئی نرینہ اولاد نہ تھی لہٰذا دودھ لانے کے لئے دو مزدوروں کو پیغام بھیجا۔ جب مزدور دودھ لے کر آئے آپ نے شہادت کی انگلی کو دودھ میں ڈبویا اور بولے اس دودھ میں پانی ملایا گیا ہے۔ (آپ کو خالص دودھ جانچنے کا وسیع تجربہ تھا) آپ نے اپنے تمام دودھ لینے والے گاہکوں سے کہا میں اس دودھ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھوں گا اور جب دودھ میں ڈالا گیا پانی خشک ہو جائے گا پھر یہ دودھ فروخت کروں گا۔ اگر کسی کو جلدی ہے تو وہ اپنا برتن لے جائے اور دودھ کسی اور دکان سے لے لے۔ آپ کا یہ تقویٰ کا اعلیٰ معیار تھا۔

حضرت اماں جان نے عائشہ پٹھانی صاحبہ سے مولوی غلام رسول صاحب افغان کی نسبت طے فرمائی اور اپنے دست شفقت کے ساتھ خود جہیز دے کر عائشہ پٹھانی صاحبہ کو رخصت کیا۔ عائشہ پٹھانی صاحبہ حضرت غفار خان صاحب شاگرد حضرت عبداللطیف شہید کی بیٹی اور حضرت بزرگ صاحب کی بھتیجی تھیں۔

جس طرح حضرت مولوی غلام رسول صاحب افغان کو اللہ تبارک تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے قدموں میں زندگی بسر کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائی ایسی ہی سعادت ان کی زوجہ محترمہ عائشہ پٹھانی صاحبہ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بخشی۔ آپ نے خاندان حضرت مسیح موعود کے خاندان کے بچوں کو ایام رضاعت میں دودھ پلانے کی سعادت پائی۔ سیرت حضرت ام طاہر میں آپ کا ایک واقعہ درج ہے کہ رمضان کے آخری عشرہ میں ایک طرف حضرت ام طاہر عبادت میں مصروف تھیں اور دوسری جانب عائشہ پٹھانی صاحبہ محو عبادت تھیں کہ رات کے پچھلے پہر اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے لیلۃ القدر کی سعادت سے نوازا۔

چونکہ عائشہ پٹھانی صاحبہ نے خاندان مسیح موعود کے کئی بچوں کو دودھ پلانے کی سعادت پائی۔ لہٰذا دستور کے مطابق جن کے بچے کو آپ دودھ پلاتیں وہ اپنے گھر میں آپ کو رہائش کے لئے کمرہ بھی عنایت فرما دیتے اور آپ کے لئے صحت مند خوراک بھی خاندان حضرت مسیح موعود کے متعلقہ گھرانے سے آپ کو دی جاتی۔ آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کا زیادہ تر وقت خاندان حضرت مسیح موعود کے گھرانوں میں گزرا اور آپ کے بچے (اولاد) جو اس وقت ایام رضاعت میں ہوتے تھے انہوں نے بھی اپنے ایام رضاعت حضرت مسیح موعود کے بابرکت اور پُرنور خیرو برکت کے ماحول میں گزارے۔ اسی ماحول کا اثر مرحومہ امۃ الباسط صاحبہ پر بھی تھا۔ کہ وہ نیک فطرت نیک سیرت خاتون تھیں۔ انہوں نے آنکھ کھولی تو ہر طرف نور ہی نور تھا ان کے والد مولوی غلام رسول صاحب افغان قرآن کریم کے حافظ بھی تھے۔ سیرت حضرت ام طاہر میں درج ہے کہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے قرآن کریم کے پہلے پانچ سپارے مولوی غلام رسول افغان صاحب سے حفظ فرمائے اور یہ سعادت آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بطور شفقت بخشی تھی۔ سبحان اللہ

حضرت مولوی غلام رسول صاحب افغان کی 5 بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا۔ سب سے چھوٹی بیٹی امۃ الباسط سے انہیں بہت محبت تھی وہ فرماتے تھے یہ بیٹی ہر وقت ہماری خدمت پر کمر بستہ رہتی ہے یہ سعادت مند ہے۔ وہ اسے ہر وقت پیار سے بیٹا کہہ کر پکارتے تھے وہ کہتے تھے کہ باسط میری بیٹی بھی ہے اور بیٹا بھی۔ محترمہ عائشہ پٹھانی صاحبہ کو قرآن شریف سے عشق تھا جیسے کہ ان کے شوہر کو تھا انہوں نے قادیان میں سینکڑوں بچوں اور بچیوں کو قرآن کریم ناظرہ پڑھایا اور جب ہجرت کے بعد ننکانہ صاحب میں رہائش اختیار کی تو انہوں نے یہاں پر بھی بلا معاوضہ قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کا سلسلہ شروع کیا ایک وقت میں ان کے پاس 50 تک بھی بچے اور بچیاں زیر تعلیم رہے۔ اس طرح ننکانہ صاحب میں ان کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے جن میں اکثریت غیر از جماعت بچے بچیوں کی ہے۔ انہیں قادیان میں قرآن کریم کی اشاعت کرنے والے فیض اللہ صاحب بطور خاص اشاعت سے قبل قرآن کریم کی پروف برائے درستی اغلاط وارسال کرتے تھے۔

مرحومہ امۃ الباسط جوان کی سب سے چھوٹی بیٹی تھیں وہ سکول میں پڑھاتی تھیں۔ سکول سے واپس آ کر وہ بھی بچوں کو قرآن کریم پڑھاتیں۔ پھر قدرت

کا ایسا کرنا ہوا کہ ان کی والدہ عائشہ پٹھانی صاحبہ کو فالج ہو گیا وقت پیری تھا۔ ایسے وقت میں قرآن کریم کی تعلیم دینے کا سلسلہ امۃ الباسط صاحبہ مرحومہ نے سنبھال لیا وہ تا مرگ یہ بابرکت فریضہ سرانجام دیتی رہیں۔ ان کی وفات شوگر کے مرض سے ہوئی وہ گزشتہ 2 برس سے بستر پر تھیں لیکن انہوں نے بیماری میں بھی قرآن کریم کی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔

والدہ کی وفات کے بعد آپ نے ملازمت سے ریٹائرمنٹ لی اور مرکز میں مستقل آ گئیں اور یہاں قرآن کریم کی تدریس کا سلسلہ وفات تک جاری رکھا۔

آپ کی وفات پر ننکانہ صاحب سے کثیر تعداد میں خواتین جو شادی شدہ تھیں اور بچوں والی تھیں اور سب آپ کی شاگرد غیر از جماعت تھیں ربوہ تعزیت کے لئے آئیں۔ ان عورتوں میں بعض لڑکیاں اور عورتیں رو رہی تھیں۔ میں نے بہشتی مقبرہ میں ایک ادھیڑ عمر شخص کو مرحومہ کے بھائی عبدالکریم خان سے بغل گیر ہو کر روتے ہوئے دیکھا جو کہہ رہا تھا میں نے اماں جی سے ننکانہ میں قرآن شریف پڑھا تھا۔ جس کے بعد آپا باسط نے قرآن کریم کی خدمت کا بیڑا اٹھا لیا تھا۔ عائشہ پٹھانی صاحبہ اور ان کی بیٹی امۃ الباسط صاحبہ کے شاگردوں کی تعداد جنہوں نے آپ سے قرآن کریم پڑھا ہے سینکڑوں ہیں جس میں غیر از جماعت اور احمدی سبھی شامل ہیں۔ ان کے شاگردوں میں ڈاکٹر، انجینئر، وکیل، پروفیسر سبھی شامل ہیں شاگرد آج بھی اماں جی پٹھانی اور ان کی بیٹی مرحومہ کو یاد کر کے احترام کرتے ہیں (عائشہ پٹھانی صاحبہ کو ننکانہ میں اس نام سے پکارا جاتا ہے۔)

بے شک امۃ الباسط صاحبہ مرحومہ نے اپنی ساری زندگی ماں کی خدمت میں اور قرآن حکیم کی تعلیم دینے میں گزار دی۔ انہوں نے دنیا کے مال و اولاد کی پرواہ نہیں کی وہ دنیا سے خالی ہاتھ گئیں لیکن انہوں نے اللہ کے حضور بہت کچھ آگے بھیجا۔ انہوں نے دنیا نہیں کمائی انہوں نے صرف اور صرف دین کمایا اور دنیا سے بامراد لوٹیں بیشک وہ سلسلہ عالیہ کے بانی مامور من اللہ کے اس ارشاد پاک کی مصداق ٹھہریں کہ جو لوگ زمین پر قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرماوے آمین۔ احباب جماعت سے مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لئے دعاؤں کی درخواست ہے۔

محترمہ شاہدہ عزیز صاحبہ

ایٹم بم کی کہانی

جس نے ہیروشیما میں تباہی پھیلا دی

دوسری جنگ عظیم ختم ہونے والی تھی ہٹلر کی فوجوں نے ہتھیار ڈال دیئے تھے۔ جاپان کی فوجوں میں بھی بھگدڑ مچی ہوئی تھی۔ انہوں نے برما، سیام، انڈونیشیا اور دوسرے علاقوں کو خالی کر دیا تھا اور ان کی ہار اب چند دنوں کی بات تھی۔ انہیں دنوں اگست کی ایک روشن صبح کے وقت ایک امریکی ہوائی جہاز جاپان کی طرف اڑتا ہوا دیکھا گیا۔ ہوائی جہازوں نے ہیروشیما شہر کے پاس پہنچ کر ایک دو چکر لگائے۔ امریکی ہوا باز نے نیچے جھک کر دیکھا۔ شہر کی اونچی اونچی عمارتیں اسے صاف نظر آ رہی تھیں۔ سڑکوں پر موٹریں ادھر سے ادھر آ جا رہی تھیں۔ ریل گاڑی کے انجن دھواں اڑاتے گزر رہے تھے۔ چھتوں پر عورتیں کپڑے سکھا رہی تھیں۔ پارکوں میں بچے جھولا جھول رہے تھے۔ اس نے نیچے دیکھنا بند کر دیا۔ اب اس کا جہاز بہت بلندی پر اڑ رہا تھا اور جب وہ اتنا بلند ہو گیا کہ شہر کی چیزیں ہوا باز کی نظروں سے اوجھل ہو گئیں تو اس نے ایک بٹن دبایا۔ فوراً بھورے رنگ کا ایک بم ہوائی جہاز کے پیٹ سے سے نکل پڑا۔ یہ بم ہیروشیما شہر پر گر رہا تھا۔ ہوا باز نے انجن کی رفتار بہت تیز کر دی۔ پل جھپکتے وہ ہیروشیما سے دس میل کے فاصلے پر تھا۔ ہوا باز نے رومال سے پسینہ پونچھا اور دوربین اٹھا کر ہیروشیما کا منظر دیکھنے لگا۔ ہیروشیما کا آسمان روشنی کی چمک سے لال ہو رہا تھا۔ دھوئیں کے کالے کالے بادلوں کی ایک ہیبت ناک چھتری جو پہاڑ سے بھی بڑی تھی آسمان کی طرف اٹھ رہی تھی اور شہر میں ہر طرف آگ لگی ہوئی تھی۔ ہیروشیما پر پہلا ایٹم بم پھینکا گیا تھا۔

اس ایک ایٹم بم نے ہیروشیما کو جلا کر راکھ کر دیا۔ بم کا دھماکہ اتنا زبردست تھا کہ بڑی بڑی عمارتیں کاغذ کے پرزے کی طرح ہوا میں بکھر گئیں اور گرمی اتنی شدید تھی کہ لوہے کے کارخانے پگھل کر پانی بن گئے۔ ساٹھ ہزار آدمی ہلاک اور ایک لاکھ زخمی ہوئے جو زندہ بچے انہوں نے ایٹم کے زہریلے اثر سے سسک سسک کر دم توڑا۔

مگر ایٹم بم میں اتنی زبردست طاقت کہاں سے آئی۔ یہ ایٹم کیا چیز ہے جس کی قوت کے آگے لوہا بھی پانی ہو جاتا ہے؟

